SAT. 04.July.2026
VOLUME: 22 NO: 157
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

waraquetaza.com
waraquetaza.com/E-paper

ناندیڑ

Established: May 1994 قائم شدہ: مئی

روزنامہ

# ورقِ تازہ

RNI No. MAHURD/2006/16935

پربھنی اور ناندیڑ سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت

بروز ہفتہ 04/جولائی 2026
جلد: 21 شمارہ نمبر157
18/محرم الحرام 1448ھ
قیمت 3=00 روپے
صفحات :4

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED

Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in- waraquetazadaily@rediffmail.com

HON'RY EDITOR :Mohd.Taqui (M.A,B.Ed)
اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم۔اے، بی۔ایڈ)













# مہاراشٹر میں اسکولوں کے قریب ہائی انرجی ڈرنکس کی فروخت پر پابندی

## ایف ڈی اے کی ریاست گیر کارروائی شروع

ممبئی: مہاراشٹر حکومت نے ریاست بھر میں اسکولوں کے 500 میٹر کے دائرے میں ہائی انرجی ڈرنکس کی فروخت پر پابندی عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ اس فیصلے کا مقصد بچوں اور نوجوانوں میں زیادہ کیفین والے مشروبات کے استعمال پر قابو پانا اور ان کی صحت کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنا ہے۔ اس فیصلے کے ساتھ ہی ریاستی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (ایف ڈی اے) نے سخت نگرانی اور کارروائی کا عمل بھی شروع کر دیا ہے۔ یہ اعلان ریاستی اسمبلی میں فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کے وزیر نرہری جرِوال نے بی جے پی کے رکن اسمبلی وکرم پچپوتے کے سوال کے جواب میں کیا۔ وکرم پچپوتے نے ایوان میں کہا کہ ہائی انرجی ڈرنکس، خصوصاً نوجوانوں اور اسکولی بچوں میں تیزی سے مقبول ہو رہی ہیں، حالانکہ ان کی بوتلوں پر واضح طور پر درج ہوتا ہے کہ یہ مشروبات بچوں اور حاملہ خواتین کے لیے موزوں نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کے باوجود یہ مصنوعات اسکولوں کے باہر آسانی سے دستیاب ہیں، جس سے بچوں میں ان کی عادت بڑھ رہی ہے۔ ان کے مطابق کم عمری میں ایسے مشروبات کا مسلسل استعمال صحت پر طویل مدتی منفی اثرات مرتب کرسکتا ہے، اس لیے ان کی فروخت پر فوری پابندی ضروری تھی۔ وزیر نرہری




جرِوال نے اعتراف کیا کہ تعلیمی اداروں کے اطراف ان مشروبات کی فروخت بڑے پیمانے پر ہو رہی ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ اسکولوں کے 500 میٹر کے دائرے میں نافذ پابندی پر سختی سے عمل کرایا جائے گا اور نشہ آور اشیا کے ساتھ ساتھ ہائی انرجی ڈرنکس کی فروخت کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی۔ اس دوران بی جے پی کے ایک اور رکن اسمبلی راہل کل نے اسکولوں کے اطراف نشہ آور اشیا کی فروخت اور خوراک میں ملاوٹ کے معاملات کی بھی جامع جانچ کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بعض مقامات پر ذائقہ دار پان کے نام پر نشہ آور اشیا فروخت کی جاتی ہیں، جبکہ زیادہ شکر اور مصنوعی کیمیائی اجزا والے ذائقہ دار دودھ کی مصنوعات بھی بچوں کی صحت کے لیے تشویش کا باعث ہیں۔ وزیر نے بتایا کہ ایف ڈی اے پہلے ہی ایسے معاملات کی اندرونی سطح پر جانچ کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ انتظامی ہدایات کے تحت افسران کو اسکولوں اور دیگر تعلیمی اداروں کے اطراف دکانوں کا معائنہ کرنے، لیبارٹری جانچ کے لیے خوراک کے نمونے جمع کرنے اور گمراہ کن یا قابل اعتراض تشہیر کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ حکومت نے اپنے تحریری جواب میں واضح کیا کہ اگرچہ ہائی انرجی ڈرنکس کی الگ قانونی تعریف موجود نہیں، تاہم ان مصنوعات کو غیر الکحل کیفین والے مشروبات کے زمرے میں رکھ کر فوڈ سیفٹی کے ضوابط کے تحت منظم کیا جاتا ہے۔ یہ بحث ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایف ڈی اے کے نئے کمشنر تکارام منڈے نے عہدہ سنبھالنے کے بعد ریاست بھر میں گٹکھا، پان مصالحہ اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے ہوٹلوں، ریستورانوں، بیکریوں اور دیگر کھانے پینے کے مراکز کے خلاف سخت مہم شروع کر رکھی ہے۔ حالیہ کارروائی میں ممبئی کے متعدد اداروں کے فوڈ سیفٹی لائسنس بھی معطل کیے جا چکے ہیں۔

# کانگریس کا نریندر مودی پر سخت حملہ

## رام مندر میں نذرانہ کی چوری پر جواب دینے کا مطالبہ

نئی دہلی: ۳؍جولائی (ایجنسی): کانگریس نے



ایودھیا کے رام مندر میں نذرانہ کی چوری کے معاملے پر وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی حکومت پر سخت حملہ کرتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ اس پورے معاملے کی حقیقت کو عوام سے چھپایا جا رہا ہے۔ پارٹی کی ترجمان راگنی نائک نے کہا کہ حکومت اس معاملے میں شفافیت اختیار کرنے کے بجائے ذمہ دار افراد کو بچانے کی کوشش کر رہی ہے، جبکہ عوام کو اب تک سچائی سے آگاہ نہیں کیا گیا۔ راگنی نائک نے جمعہ کو ایک پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا کہ رام مندر میں 40 دن کے اندر 70 مرتبہ چوری کے واقعات پیش آئے، لیکن اس سلسلے میں تشکیل دی گئی خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی رپورٹ آج تک منظر عام پر نہیں لائی گئی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر کس کو بچانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور رپورٹ کو عوام سے کیوں چھپایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے رام مندر کی تعمیر کا بھرپور سیاسی سہرا لیا تھا، لیکن اب نذرانہ کی چوری کے معاملے پر خاموش ہیں۔ ان کے مطابق جب تعمیر کا کریڈٹ لیا گیا ہے تو نذرانہ کی چوری کی ذمہ داری بھی قبول کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ عوام کے اعتماد کے ساتھ دھوکہ ہے اور وزیر اعظم کو ملک کے سامنے آکر اس معاملے پر اپنا موقف واضح کرنا چاہیے۔ کانگریس ترجمان نے کہا کہ مندر میں ملک کے غریب سے غریب اور امیر سے امیر شخص نے اپنی استطاعت کے مطابق نذرانہ پیش کیا تھا، اس لیے یہ کسی ایک فرد یا گروہ کی جاگیر نہیں بلکہ پورے ملک کے عوام کے جذبات اور عقیدت سے جڑا معاملہ ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بعض افراد اسے اندرونی معاملہ قرار دے کر نمٹانے کی بات کر رہے ہیں، جو ناقابل قبول ہے۔ راگنی نائک نے یہ بھی کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پہلے سے موجود شنکراچاریوں کے ٹرسٹ کے باوجود حکومت نے شری رام جنم بھومی تیرتھ کشیتر ٹرسٹ قائم کیا، جس میں بھارتیہ جنتا پارٹی اور راشٹریہ سویم سیوک سنگھ سے وابستہ افراد کو شامل کیا گیا۔ ان کا الزام تھا کہ اس ٹرسٹ کو حق اطلاعات قانون کے دائرے سے بھی باہر رکھا گیا، جس کے باعث اس کے کام کاج میں شفافیت پر سوال اٹھتے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ کچھ افراد چندہ دینے والوں سے ایسے حلف ناموں پر دستخط بھی کراتے ہیں جن کے مطابق نذرانہ جمع ہونے کے بعد ٹرسٹ اس کا کسی بھی طرح استعمال کرسکتا ہے اور اس پر سوال نہیں اٹھایا جاسکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے تمام معاملات کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ جانچ ضروری ہے۔ کانگریس نے مطالبہ کیا کہ شری رام جنم بھومی تیرتھ کشیتر ٹرسٹ کو فوری طور پر تحلیل کیا جائے، اس کے مالی معاملات کی سپریم کورٹ کی نگرانی میں جانچ کرائی جائے، خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی رپورٹ عوام کے سامنے جاری کی جائے، وزیر اعظم نریندر مودی اپنی خاموشی توڑیں اور رام مندر کی تعمیر سے پہلے جمع کیے گئے تقریباً چودہ سو کروڑ روپے کے چندے کا مکمل حساب بھی عوام کے سامنے پیش کیا جائے۔ پارٹی کے ان الزامات پر حکومت یا متعلقہ ٹرسٹ کی جانب سے فوری طور پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔

# یکساں سول کوڈ کے خلاف ترنمول کانگریس، بل کی ہر مرحلے پر مخالفت کریں گے: سوگت رائے

کولکاتا: ۳؍جولائی (ایجنسی): ترنمول کانگریس کے رکن پارلیمنٹ سوگت رائے نے کہا ہے کہ ان کی جماعت یکساں سول کوڈ (یو سی سی) کے مجوزہ قانون کی سخت مخالف ہے اور اگر یہ بل آگے بڑھایا جاتا ہے تو اس کی ہر مرحلے پر مخالفت کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترنمول کانگریس کا موقف ابتدا سے ہی اس معاملے پر یکساں رہا ہے اور پارٹی مستقبل میں بھی اس سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔ آئی این ایس کی رپورٹ کے مطابق سوگت رائے نے کہ ترنمول کانگریس یو سی سی کے خلاف ہے۔ ان کے مطابق انہیں اطلاع ملی ہے کہ مغربی بنگال حکومت اس معاملے پر ایک کمیٹی تشکیل دینے جا رہی ہے، جس میں سپریم کورٹ کے ایک ریٹائرڈ چیف جسٹس کو شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی کی تشکیل کے بعد اس کی سفارشات اور آئندہ پیش رفت پر نظر رکھی جائے گی، تاہم پارٹی کا بنیادی موقف تبدیل نہیں ہوگا۔ انہوں نے ایک بار پھر زور دیتے ہوئے کہا کہ ترنمول کانگریس اس بل کی مخالفت کرتی ہے اور اگر اسے نافذ کرنے کی کوشش کی گئی تو پارٹی ہر مناسب جمہوری اور سیاسی سطح پر اس کے خلاف آواز بلند کرے گی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے ممتا بنرجی اور باغی رہنما رتبرت بنرجی سے متعلق پیشرفت پر سوال کے جواب میں سوگت رائے نے کہا کہ انہیں اس معاملے کی مکمل معلومات حاصل نہیں ہیں۔ ان کے مطابق انہیں صرف اتنا معلوم ہے کہ رتبرت بنرجی الیکشن کمیشن کے دفتر گئے تھے، جبکہ اس معاملے پر ترنمول کانگریس کی جانب سے باضابطہ جواب دیا جائے گا۔ مغربی بنگال اسمبلی کے نومنتخب ارکان کے لیے منعقد کیے جانے والے تربیتی پروگرام پر اظہار خیال کرتے ہوئے سوگت رائے نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کے متعدد ارکان پہلی مرتبہ اسمبلی پہنچے ہیں، اس لیے انہیں پارلیمانی طریقۂ کار اور قانون سازی کے اصولوں سے واقف ہونا ضروری ہے۔ ان کے بقول ایسے تربیتی پروگرام کا مقصد نئے ارکان کو ایوان کی کارروائی، قواعد اور ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ اسمبلی کے اسپیکر بھی نئی ذمہ داری سنبھال رہے ہیں، اس لیے نئے ارکان کے لیے تربیت فائدہ مند ثابت ہوگی اور اس سے انہیں اسمبلی کی کارروائی کو بہتر انداز میں سمجھنے میں مدد ملے گی۔ ممتا بنرجی اور جیا بچن کی ملاقات کے بارے میں سوگت رائے نے کہا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان خوشگوار تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جیا بچن سماج وادی پارٹی کی راجیہ سبھا رکن ہیں اور سماج وادی پارٹی اور ترنمول کانگریس کے تعلقات بھی دوستانہ نوعیت کے ہیں۔ ترنمول کانگریس کی 21 جولائی کو مجوزہ ریلی کے بارے میں انہوں نے کہا کہ پارٹی کی خواہش ہے کہ اجتماع دھرم تلہ میں منعقد کیا جائے، تاہم ابھی تک حتمی منظوری حاصل نہیں ہوئی ہے۔ ان کے مطابق ریلی کے مقام کے بارے میں آخری فیصلہ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کریں گی۔

## ہماچل: 60 سڑکیں بند، ایچ ٹی روٹ بحال

نئی دہلی: ۳؍جولائی: ہماچل پردیش کے کنور ضلع میں جمعہ کی علی الصبح شدید بارش کے باعث چولنگ کے نزدیک لینڈ سلائیڈنگ اور ملبہ گرنے سے بند ہونے والی ہندوستان-تبت شاہراہ (قومی شاہراہ-5) کو اب ہر قسم کی گاڑیوں کی آمدورفت کے لیے دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ حکام نے اس کی اطلاع دی۔ ڈپٹی کمشنر امت شرما نے پی ٹی آئی-بھاشا کو بتایا کہ صبح تقریباً چھ بجے میرٗت نالے کے قریب واقع پہاڑیوں سے بڑی مقدار میں ملبہ سڑک پر آ گرا، جس کے باعث دو گاڑیاں پھنس گئیں۔ رِبّا نالے میں آنے والے سیلاب کے سبب رِبّا-کانڈا رابطہ سڑک بھی بند ہوگئی تھی۔ تاہم، اس واقعے میں کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ سڑک کو دوبارہ ٹریفک کے لیے قابل استعمال بنانے کے لیے چولنگ میں فوری طور پر ایک جے سی بی مشین تعینات کی گئی، جس کے بعد صبح تقریباً 10 بجے قومی شاہراہ-5 پر گاڑیوں کی آمدورفت بحال کر دی گئی۔ ریاستی ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ایس ای او سی) کے مطابق، جمعہ کی صبح بارش کے باعث ریاست بھر میں 60 سڑکیں بند کر دی گئی تھیں۔ دریں اثنا، چمبا ضلع کے بھرمور سب ڈویژن میں ایک مندر کے قریب پھنسے ہوئے 24 عقیدت مندوں کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ شدید بارش کے باعث آنے والے اچانک سیلاب میں مندر تک جانے والا عارضی لکڑی کا پل بہہ گیا تھا۔ قومی آفات سے نمٹنے والی فورس (این ڈی آر ایف)، مقامی انتظامیہ، کوہ پیمائی ادارے اور محکمہ تعمیرات عامہ (پی ڈبلیو ڈی) کی مشترکہ ٹیم نے جمعرات کے روز ایک ریسکیو آپریشن کے دوران تمام عقیدت مندوں کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا۔ یہ عقیدت مند بدھ کے روز سے وہاں پھنسے ہوئے تھے۔

# گجرات-مدھیہ پردیش میں جیش محمد کے 8 مشتبہ دہشت گرد گرفتار

نئی دہلی: ۳؍جولائی (ایجنسی): گجرات اینٹی ٹیررسٹ اسکواڈ (اے ٹی ایس) نے دہشت گردی کے خلاف ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے گجرات اور مدھیہ پردیش سے جیش محمد (جے ای ایم) سے مبینہ طور پر وابستہ 8 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔ اے ٹی ایس کا دعویٰ ہے کہ یہ افراد گجرات میں تنظیم کا ایک فعال نیٹ ورک قائم کرنے کی کوشش کر رہے تھے، جس کا مستقبل میں دہشت گردانہ سرگرمیوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا تھا۔ سکیورٹی ایجنسیاں اب گرفتار افراد کے روابط، ان کے نیٹ ورک اور ممکنہ منصوبوں کی گہرائی سے تحقیقات کر رہی ہیں۔ اے ٹی ایس کے مطابق، گرفتار کیے گئے تمام افراد کا تعلق کالعدم دہشت گرد تنظیم جیش محمد سے بتایا جا رہا ہے۔ تفتیشی ایجنسی کا کہنا ہے کہ یہ افراد تنظیم کے لیے نئے لوگوں کو شامل کرنے اور گجرات میں ایک مضبوط نیٹ ورک قائم کرنے میں سرگرم کردار ادا کر رہے تھے۔ ایجنسی کو شبہ ہے کہ اس نیٹ ورک کو دہشت گردانہ سرگرمیوں کے فروغ کے لیے استعمال کیا جاسکتا تھا۔ فی الحال تمام ملزمان سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے، جبکہ ان کے ڈیجیٹل اور مالیاتی ریکارڈ کی بھی جانچ کی جا رہی ہے۔ اے ٹی ایس نے یہ کارروائی گجرات اور مدھیہ پردیش کے مختلف اضلاع میں بیک وقت انجام دی۔ تفتیشی ایجنسی کافی عرصے سے ان مشتبہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھے ہوئے تھی۔ ابتدائی تحقیقات میں حاصل ہونے والی معلومات کی بنیاد پر چھاپے مار کر تمام آٹھ افراد کو حراست میں لیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس معاملے سے منسلک دیگر افراد کے کردار کی بھی تحقیقات جاری ہیں۔ اے ٹی ایس کی جانب سے گرفتار کیے گئے افراد میں احمد عبداللہ غازی والا عرف ابو عبیدہ (19)، ابراہیم محمد حسین گھا گھا عرف ابوحمزہ (30)، مدثر عبداللہ غازی والا عرف ابو آیا (22)، زکریا درانی محمد عمار گھا گھا عرف ابن عمار عرف زکریا پالنپوری (21)، مفتی فوزان اسماعیل داوِوا عرف مفتی صاحب (40)، محمد امین شیرا عرف امین پالنپوری (21)، محمد عبدالرحمن ساودی عرف محمد پالنپوری عرف ابو انیسہ (22)، اور بلال درانی محمد عمار گھا گھا عرف ابو دجانہ، ابو سفیان، ابو جندال اور عمر بن خطاب (18) شامل ہیں۔ گرفتار افراد میں سے بعض کا تعلق بناس کانٹھا ضلع کے پالنپور علاقے سے بتایا گیا ہے، جبکہ کچھ افراد پٹن اور نوساری کے مدارس سے وابستہ رہے ہیں۔ ایک ملزم مدھیہ پردیش کے دیواس ضلع کا رہائشی ہے۔ اے ٹی ایس اب یہ معلوم کرنے کی کوشش کر رہی ہے کہ ان تمام افراد کے درمیان رابطہ کیسے قائم ہوا اور تنظیم کے لیے ان کا کردار کیا تھا۔ اے ٹی ایس نے گرفتار کیے گئے تمام افراد کے خلاف مبینہ ملک مخالف سرگرمیوں اور دہشت گرد تنظیم سے تعلقات کے الزامات کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

# رام مندر میں 'چندہ چوری' کے لیے ادھو ٹھاکرے نے بی جے پی کو ٹھہرایا ذمہ دار، 5 جولائی کو احتجاجی مظاہرہ کا اعلان

ممبئی: ۳؍جولائی (ایجنسی): شیوسینا یو بی ٹی چیف ادھو ٹھاکرے نے جمعہ کو ایک پریس کانفرنس میں بی جے پی پر ایودھیا رام مندر کے چندہ کی لوٹ کا سنگین الزام عائد کیا۔ انہوں نے کہا کہ 5 جولائی کو ممبئی کے دادر علاقے میں وہ 'رام رکشا' نام سے احتجاجی مظاہرہ کریں گے اور اس کے ساتھ ہی ریاست گیر تحریک کا آغاز کیا جائے گا۔ ادھو ٹھاکرے کا کہنا ہے کہ بی جے پی نے رام مندر میں عقیدت مندوں کی جانب سے عطیہ کی گئی رقم کو 'لوٹ لیا' ہے اور اسے اس کا جواب دینا چاہیے۔ ادھو ٹھاکرے نے بتایا کہ اتوار کی شام 5 بجے دادر کے کبوتر خانہ واقع ہنومان مندر کے قریب احتجاج شروع کیا جائے گا۔ انھوں نے تمام شہریوں کو اس احتجاجی مظاہرہ میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ وہ ہر قسم کے امتیاز سے بالاتر ہو کر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ ''میں ہر اس ہندو کو دعوت دیتا ہوں جو بھگوان رام کے گھر میں ہونے والی اس چوری کو برداشت نہیں کرسکتا۔ یہ ان تمام لوگوں



کے لیے ہے جنہوں نے ہندوتوا یا بالا صاحب ٹھاکرے کے نظریے کو ترک نہیں کیا۔ ہم سب رام رکشا ستوتر، ہنومان ستوتر اور ہنومان چالیسا کا پاٹھ کرنے کے لیے جمع ہوں گے۔'' انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ خود پارٹی کے سرکردہ لیڈران اور شیوسینکوں کے ساتھ اس احتجاج کی قیادت کریں گے۔ رام جنم بھومی تحریک کی تاریخ کا ذکر کرتے ہوئے ٹھاکرے نے کہا کہ آج بی جے پی کی سیاسی بالادستی عام ہندوؤں کی قربانیوں پر قائم ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ''ملک بھر کے ہندوؤں نے اس تحریک میں حصہ لیا، جس نے بی جے پی کو کھڑا کیا۔ ہمیں کارسیوکوں پر ہونے والے مظالم، گودھرا سانحہ، احمد آباد فسادات اور ممبئی میں پیش آنے والی مصیبتیں یاد ہیں۔ ان تمام تکالیف کے باوجود ہندوؤں نے ثابت قدمی دکھائی۔ اسی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بی جے پی، جس کے پاس اس تحریک سے پہلے صرف 2 اراکین پارلیمنٹ تھے اور جو 'گاندھی وادی سماجواد' کی پیروکار تھی، ہندوتوا کی طرف مڑ گئی اور رام مندر کے مسئلہ کو اپنا سیاسی موضوع بنا لیا۔'' مہاراشٹر میں شیوسینا (یو بی ٹی) کے سربراہ نے مزید الزام لگایا کہ مندر کے چندے سے نکالی گئی رقم کا تعلق اپوزیشن پارٹیوں میں پھوٹ ڈالنے کے لیے چلائی جانے والی سیاسی مہموں سے ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ''آج بی جے پی کے دور حکومت میں رام مندر غلط وجوہات کی بنیاد پر سرخیوں میں ہے۔ سیاسی پارٹیوں کو توڑنے کی سازشیں کی جارہی ہیں، اراکین اسمبلی کو گوا اور دیگر مقامات پر بھیجا جا رہا ہے اور اراکین اسمبلی کی خرید و فروخت کو 'آپریشن' کا نام دیا جا رہا ہے۔ کیا اب بی جے پی 'آپریشن رام مندر' بھی چلا رہی ہے؟'' وہ مزید کہتے ہیں کہ ''مندر میں چوری کے ثبوت ملے ہیں۔ بعض لوگ تو یہاں تک کہہ رہے ہیں کہ چرائی گئی رقم کا استعمال دوسری پارٹیوں کو توڑنے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ یہ انتہائی سنگین معاملہ ہے۔'' سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 1990 کی دہائی کے ایک مشہور نعرہ کا حوالہ دیتے ہوئے ادھو ٹھاکرے نے برسر اقتدار پارٹی کو سخت تنبیہ کی۔ انہوں نے کہا کہ ''جس طرح اٹل بہاری واجپئی نے ایک بار کہا تھا اب ہندو مار نہیں کھائے گا، اسی طرح میں کہتا ہوں اب ہندو معاف نہیں کرے گا۔ ہندو برادری مندر لوٹنے والوں کو ان کی اوقات دکھائے گی۔'' ٹھاکرے نے کہا کہ دادر کا احتجاج ایک وسیع ریاست گیر مہم کا محض آغاز ہے۔ اتوار کے اس احتجاج کے بعد ہر ضلع، شہر اور گاؤں میں مقامی رام مندروں اور ہنومان مندروں پر اسی نوعیت کے احتجاجی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔

# چلتے ای رکشہ کے اچانک بند ہونے کا معاملہ، حکومت نے چینی ایپ پر لگائی روک



دہلی: ۳؍جولائی (ایجنسی): حکومت ہند نے ایسے موبائل ایپس کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے جن کے بارے میں اطلاعات سامنے آئی ہیں کہ ان کے ذریعے بعض ای رکشوں کو دور سے بند کیا جاسکتا تھا۔ 'دی ہندی' پر شائع ایک رپورٹ کے مطابق متعلقہ چینی ایپ کو گوگل پلے اسٹور اور ایپل ایپ اسٹور سے ہٹانے کی ہدایت دی گئی ہے، جبکہ حکام نے اس معاملے کو سائبر سکیورٹی اور عوامی تحفظ سے جوڑتے ہوئے فوری اقدامات کیے ہیں۔ یہ معاملہ اس وقت توجہ کا مرکز بنا جب سوشل میڈیا پر چند ویڈیوز سامنے آئیں جن میں دعویٰ کیا گیا کہ بعض ای رکشوں کو ایک مخصوص موبائل ایپ کے ذریعے اچانک بند کیا جا رہا ہے۔ ان ویڈیوز کے بعد یہ خدشہ پیدا ہوا کہ اگر ایسے نظام کا غلط استعمال کیا جائے تو سڑک پر چلتی گاڑی کو روک کر نہ صرف مسافروں بلکہ دیگر راہگیروں کی جان بھی خطرے میں ڈالی جا سکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق بیشتر ای رکشوں میں لیتھیم آئن بیٹری کے ساتھ بیٹری مینجمنٹ سسٹم نصب ہوتا ہے، جس کا مقصد بیٹری کی کارکردگی، درجہ حرارت، وولٹیج، کرنٹ اور چارج کی نگرانی کرنا ہوتا ہے۔ یہ نظام اکثر بلوٹوتھ کے ذریعے موبائل فون سے جڑ جاتا ہے تاکہ ڈرائیور بیٹری کی معلومات دیکھ سکے۔ مسئلہ وہاں پیدا ہوتا ہے جہاں کم قیمت والے بعض چینی بیٹری مینجمنٹ سسٹمز میں مناسب حفاظتی انتظامات موجود نہیں ہوتے۔ اگر ایسے نظام میں بلوٹوتھ رابطے کو محفوظ نہ بنایا گیا ہو تو کوئی دوسرا شخص بھی مخصوص موبائل ایپ استعمال کرکے چند میٹر کے فاصلے سے اس سسٹم تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔ اگر رسائی مل جائے تو وہ بیٹری کے ڈسچارج سوئچ کو بند کر کے موٹر تک بجلی کی فراہمی روک سکتا ہے، جس سے ای رکشہ چلنا بند ہو جاتا ہے۔ حکومت نے اس معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ایپس کو ایپ اسٹورز سے ہٹانے کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ اطلاعات کے مطابق دو ایسی ایپس حکومت کی نظر میں آئی تھیں جنہیں بعد میں ایپ اسٹورز سے ہٹا دیا گیا۔ حکومت نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ ایپ اسٹور چلانے والی کمپنیوں کو اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ ایسی ایپس دستیاب نہ ہوں جو عوامی سلامتی یا سائبر سکیورٹی کے لیے خطرہ بن سکتی ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ای رکشہ مالکان کو صرف مستند کمپنیوں کے بیٹری مینجمنٹ سسٹمز استعمال کرنے چاہئیں اور غیر ضروری بلوٹوتھ رابطہ بند رکھنا چاہیے۔ اگر ممکن ہو تو سسٹم کا سکیورٹی پاسورڈ تبدیل کیا جائے اور صرف سرکاری یا مستند ایپس ہی استعمال کی جائیں۔ کسی بھی مشتبہ سرگرمی یا اچانک گاڑی بند ہونے کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ کمپنی یا مجاز سروس مرکز سے رابطہ کرنا چاہیے۔ حکومت کی حالیہ کارروائی سے فوری خطرہ کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

## ڈیجیٹل اریسٹ فراڈ پر سی بی آئی کی اہم کارروائی

نئی دہلی: ۳؍جولائی (ایجنسی): مرکزی تفتیشی بیورو نے ڈیجیٹل اریسٹ فراڈ کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے اڈیشہ اور راجستھان میں مختلف مقامات پر چھاپے مار کر 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفتیشی ایجنسی کے مطابق یہ کارروائی 30 جون کو کی گئی، جس کے دوران 7 مقامات کی تلاشی لی گئی اور اہم شواہد بھی ضبط کیے گئے۔ سی بی آئی اس معاملے کی جانچ پنجاب و ہریانہ ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں مقدمہ 25 مارچ کو درج کیا گیا تھا۔ الزام ہے کہ ملزموں نے ایک ریٹائرڈ سرکاری ملازم کو فرضی قانونی کارروائی اور نام نہاد ڈیجیٹل اریسٹ کا خوف دکھا کر دو کروڑ سات لاکھ روپے اپنے قبضے میں لے لیے تھے۔ جانچ کے دوران معلوم ہوا کہ دھوکہ دہی سے حاصل کی گئی رقم پہلے ایک ٹرسٹ کے نام پر کھولے گئے بینک کھاتے میں منتقل کی گئی، جس کے بعد اسے مختلف بینک کھاتوں کے ذریعے گھما کر آگے بھیجا گیا تاکہ رقم کے اصل ماخذ کو چھپایا جا سکے۔ سی بی آئی نے بتایا کہ اس معاملے میں اڈیشہ کے بالاسور سے دو ملزموں کو گرفتار کیا گیا، جبکہ تیسرے ملزم کو راجستھان کے ناگور سے حراست میں لیا گیا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق تینوں ملزم غیر قانونی رقم کو مختلف کھاتوں کے ذریعے منتقل کرنے اور اس کی تہہ در تہہ منتقلی کے عمل میں سرگرم کردار ادا کر رہے تھے۔ چھاپوں کے دوران تفتیشی ٹیم نے متعدد اہم دستاویزات، ڈیجیٹل آلات اور دیگر الیکٹرانک شواہد بھی ضبط کیے ہیں، جن کا تفصیلی جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ اس نیٹ ورک سے وابستہ دیگر افراد اور ممکنہ معاونین کی بھی نشاندہی کی جاسکے۔ سی بی آئی نے کہا ہے کہ بینکاری نظام کا غلط استعمال کر کے سائبر جرائم کو فروغ دینے والے افراد اور اداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی جاری رہے گی۔ ایجنسی کا کہنا ہے کہ ایسے عناصر نہ صرف مالی جرائم میں ملوث ہوتے ہیں بلکہ عوام کے اعتماد کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ تفتیشی ایجنسی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سائبر دھوکہ دہی کے مختلف طریقوں، جعلی سرمایہ کاری کی پیشکشوں، سرکاری اداروں یا قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے نام پر آنے والی فرضی کالوں اور نام نہاد ڈیجیٹل اریسٹ جیسی دھمکیوں سے ہوشیار رہیں۔







# صحابہ کرامؓ امت مسلمہ کیلئے معیارحق ہیں: مولانا محمد جمال الدین رشادی



بنگلور: 3۔جولائی 2026ء نماز جمعہ سے قبل ممتاز عالم دین حضرت مولانا محمد جمال الدین صاحب صدیقی رشادی مہتمم مدرسہ عربیہ تعلیم الدین گنگانگر بنگلور32 نے خطبہ جمعہ میں عظمت صحابہ کرامؓ کے موضوع پر بصیرت افروز خطاب کرتے ہوئے فرمایا اللہ تعالیٰ نے حضرات صحابہ کرامؓ کے مقام و مرتبہ کو بتانے کیلئے قرآن مجید میں بے شمار مقامات پر ان کی تعریف و توصیف کو بیان فرمایا ہے، امت مسلمہ کا متفق فیصلہ ہے حضرات صحابہ کرامؓ سب کے سب ہمارے لیے معیارحق ہیں، حضرات صحابہ کرامؓ کی عظمت بے مثال اور لازوال ہے، حضرات صحابہ کرامؓ کی مقدس اور محترم جماعت کو سرکار دوعالم فخر بنی آدم سید الاولین والآخرین رحمت للعالمین خاتم النبیینؐ کے دست حق و صداقت پر براہ راست ایمان قبول کرنے کا موقع ملا اور ان کو ایمان کی دولت، دین کی دولت، دین کی فہم و فراست اور پیغمبر اسلامؐ کی صحبت عالیہ نصیب ہوئی ہے، اللہ رب العزت نے سورہ انفال میں ارشاد فرمایا ہے سچے ایمان والے یہ لوگ ہیں ان کیلئے بڑے اونچے درجے ہیں ان کے رب کے پاس اور ان کے لئے مغفرت ہے اور عزت کی روزی ہے، رب العالمین نے قرآن مجید میں کہیں ارشاد فرمایا یہی لوگ راہ راست پر ہیں، کہیں فرمایا یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں کہیں فرمایا یہی لوگ کامیاب و کامران ہیں، مولانا نے دوران خطاب فرمایا حضرات صحابہ کرامؓ کے فضائل اور مناقب بے شمار ہیں، یہ بڑی ہی مقدس اور منتخب جماعت ہے ان کے خصائل اور خصوصیات بے مثال ہیں حقیقت یہ ہے حضرات صحابہ کرامؓ کی شان ہی نرالی ہے، رب ذوالجلال کی قسم حضرات صحابہ کرامؓ کی جماعت ہی ہے جنھوں نے روئے زمین پر اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت و اتباع پیروی و فرماں برداری کی ایسی مثال قائم کردی ہے جو رہتی دنیا تک اہل ایمان بندوں کیلئے ایسا نمونہ ہے جس کی مثال آج تک نہ کوئی پیش کرسکا ہے اور نہ کوئی پیش کرسکے گا ہاں یہ بات ہمارے لیے بالکل لازمی ہے، ہم حضرات صحابہ کرامؓ کے نقش قدم پر چلیں یہ سرکار دوعالم امام الانبیاءؐ کے نقش قدم پر چل کر اللہ تعالیٰ سے رضا و خوشنودی کا پروانہ پالیے ہیں، ہمارے لیے بھی یہی وہ نقشہ ہے جو دونوں جہاں میں ہماری کامیابی و کامرانی اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کا ذریعہ ہے، ہمیں چاہیے کہ حضرات صحابہ کرامؓ سے سچی محبت کریں، ان کا احترام اور ان کی عظمت کو اپنے دلوں میں پیدا کریں، ان کے اوصاف و کردار کو اپنائیں، حضرت علامہ حافظ ابن کثیرؒ نے لکھا ہے حضرات صحابہ کرامؓ دو مرتبہ اپنی زندگی میں بہت خوش ہوئے ہیں، پہلی مرتبہ جب قرآن مجید میں ان کے بارے میں رضی اللہ عنھم اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور دوسری مرتبہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے سنا، قیامت کے دن ہر شخص اسی کیساتھ ہوگا دنیا میں جس سے محبت رکھتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے میرے صحابہ ستاروں کے مانند ہیں تم ان میں سے کسی ایک کی بھی اقتداء کرلو ہدایت پاجاوگے مطلب یہ ہے منزل مقصود تک پہنچ جاوگے اور یہی ہماری جنت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میرے صحابہ کے محاسن و محامد بیان کرو ان کی صفتوں خصوصیات اور کمالات کا تذکرہ کرو ان کے اوصاف و کردار کو اپنی زندگی میں پیدا کرنے کی حد درجہ کوشش کرو، افسوس آج بد بخت قسم کے لوگ حضرات صحابہ کرامؓ کو تنقید کا نشانہ بنارہے ہیں، انکی شان میں گستاخی کررہے ہیں، غضب تو یہ ہے اپنے اس عمل کو کمال سمجھتے ہیں، حضرات صحابہ کرامؓ سے ہم اپنی والہانہ محبت اور عقیدت کا اظہار اپنے عمل اخلاق و کردار سے دنیا والوں کے سامنے پیش کریں، یہ وقت کی اہم ضرورت ہے اور ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

# بھیونڈی کو بڑی راحت: وراں تالاب اوورفلو، 8 لاکھ شہریوں کی پیاس بجھانے کی تیاری

## شاہ پور کے بھاتسا ڈیم میں کم بارش، ممبئی کی آبی سپلائی پر تشویش برقرار

بھیونڈی/شاہ پور: ۳؍جولائی (شارف انصاری):- تھانے ضلع میں مانسون نے دو الگ الگ تصویریں پیش کی ہیں۔ ایک جانب بھیونڈی شہر کے لیے خوش آئند خبر ہے، جہاں شہر کو پینے کے پانی کی فراہمی کا اہم ذریعہ وراں تالاب اپنی مکمل گنجائش کے ساتھ بھر کر اوورفلو ہوگیا ہے۔ دوسری جانب شاہ پور میں واقع بھاتسا ڈیم، جو ممبئی کو پانی فراہم کرنے کا اہم ذریعہ ہے، وہاں پانی کی سطح میں اضافہ ہونے کے باوجود توقع سے کم بارش ہونے کی وجہ سے مستقبل کے حوالے سے تشویش برقرار ہے۔ گزشتہ دو دنوں کی مسلسل موسلادھار بارش کے بعد بھیونڈی



کاوراں تالاب سو فیصد بھر چکا ہے اور اس کے اسپل وے سے تیزی کے ساتھ پانی بہہ رہا ہے۔ اسی تالاب سے شہر کے تقریباً 8 لاکھ شہریوں کو روزانہ قریب 85 ملین لیٹر پینے کا پانی فراہم کیا جاتا ہے۔ تالاب کے لبالب بھر جانے سے بھیونڈی میونسپل کارپوریشن کو بڑی راحت ملی ہے اور پانی کی کٹوتی میں تقریباً 50 فیصد تک کمی کیے جانے کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے۔ شہریوں کو اب پہلے کے مقابلے میں زیادہ باقاعدہ اور بروقت پانی کی فراہمی کی امید ہے۔ گزشتہ سال اسی عرصے میں تالاب میں صرف 40 فیصد پانی موجود تھا، جس کے باعث شہر میں ایک دن چھوڑ کر پانی فراہم کرنا پڑ رہا تھا۔ گزشتہ چار برسوں سے گرمیوں کے موسم میں پانی کی شدید قلت کا سامنا کرنے والے شہریوں کے لیے اس بار مانسون راحت بن کر آیا ہے۔ وقت سے پہلے تالاب کے بھر جانے سے اس سال پانی کے بحران کا خدشہ کافی حد تک ختم ہوگیا ہے۔ دوسری جانب شاہ پور میں واقع بھاتسا ڈیم، جو ممبئی شہر کو پانی فراہم کرنے کا ایک بڑا ذریعہ ہے، 3 جولائی تک 37.53 فیصد بھر چکا ہے۔ ڈیم میں پانی کی سطح 95.28 میٹر ریکارڈ کی گئی ہے، جبکہ اس کی مکمل گنجائش 10.42 میٹر ہے۔ اس وقت ڈیم میں 180.272 ملین مکعب میٹر قابل استعمال پانی ذخیرہ ہے۔ تاہم تشویش کی بات یہ ہے کہ یکم جون سے اب تک بھاتسا ڈیم کے علاقے میں صرف 341 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے، جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں 14.600 ملی میٹر بارش ہوئی تھی۔ اسی وجہ سے ڈیم بھرنے کی رفتار توقع سے سست ہے۔ گزشتہ سال 3 جولائی تک ڈیم میں تقریباً 41.370 ملین مکعب میٹر پانی موجود تھا، جبکہ اس سال یہ کم ہو کر 213.247 ملین مکعب میٹر رہ گیا ہے، یعنی تقریباً 123 ملین مکعب میٹر کی کمی درج کی گئی ہے۔ فی الحال ڈیم سے نہروں، دریا، پن بجلی گھر اور دیگر ذرائع کے لیے تقریباً 25 کیوسک پانی کا کنٹرول شدہ اخراج جاری ہے۔ محکمہ آبپاشی کے حکام کا کہنا ہے کہ اگر آنے والے دنوں میں اچھی بارش ہوتی ہے تو ڈیم تیزی سے بھر سکتا ہے اور ممبئی کی آبی سپلائی کے حوالے سے پیدا ہونے والی تشویش کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ تھانے ضلع میں مانسون کی موجودہ صورتحال دو مختلف اشارے دے رہی ہے۔ ایک طرف بھیونڈی کے لیے وراں تالاب کا اوورفلو ہونا خوشی اور راحت کی خبر ہے، تو دوسری طرف ممبئی کی پانی کی فراہمی کے لیے انتہائی اہم بھاتسا ڈیم میں توقع سے کم بارش انتظامیہ کی تشویش میں اضافہ کر رہی ہے۔ اب سب کی نظریں آنے والے دنوں کی بارش پر مرکوز ہیں۔

# نیو ایرا انگلش میڈیم اسکول میں یلو یانڈرز ہاؤس کی جانب سے فرائیڈے سیشن کا کامیاب انعقاد



مالیگاؤں: ۳؍جولائی (راست) نیو ارا انگلش میڈیم اسکول اینڈ جونیئر کالج، مالیگاؤں میں یلو یانڈرز ہاؤس کی جانب سے ہفتہ وار فرائیڈے سیشن کا شاندار اور کامیاب انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر طلبہ و طالبات نے اسلامی اقدار کے فروغ اور اخلاقی تعلیمات کو عام کرنے کے مقصد سے مختلف سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ پروگرام میں طلبہ نے ایمان افروز تقاریر پیش کیں، اسلامی معلومات پر مبنی دلچسپ کوئز کا انعقاد کیا، جبکہ دینی و اخلاقی موضوعات پر مفید معلومات بھی حاضرین کے ساتھ شیئر کیں۔ طلبہ کی بہترین کارکردگی، اعتماد اور تیاری کو حاضرین نے خوب سراہا۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ نیو ایرا انگلش میڈیم اسکول میں ہر ہفتے باقاعدگی اور نظم و ضبط کے ساتھ فرائیڈے سیشن کا انعقاد کیا جاتا ہے، جس کا مقصد طلبہ کی دینی، اخلاقی، تعلیمی اور قائدانہ صلاحیتوں کو پروان چڑھانا ہے۔ اس کامیاب پروگرام کے انعقاد پر اسکول کے چیئرمین اظہر مہدی سر اور چیئرپرسن عرفانہ مہدی میم کی تعلیمی و تربیتی خدمات اور طلبہ کی ہمہ جہت شخصیت سازی کے لیے ان کی مسلسل سرپرستی کو بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ یہ پروگرام پرنسپل شیبان سر، سپروائزر اقصیٰ میم اور ادا میم کی نگرانی اور رہنمائی میں کامیابی کے ساتھ منعقد ہوا، جن کی کاوشوں نے اس سیشن کو مزید مؤثر اور یادگار بنا دیا۔

# بھیونڈی میں موسلادھار بارش کا قہر

## شہر سے دیہی علاقوں تک پانی ہی پانی، بازار اور نشیبی علاقے زیرِ آب



بھیونڈی: ۳؍جولائی (شارف انصاری):- گزشتہ کئی دنوں سے وقفے وقفے سے جاری بارش نے اب شدید شکل اختیار کر لی ہے۔ گزشتہ رات سے مسلسل ہونے والی موسلادھار بارش کے باعث بھیونڈی شہر کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بھی معمولِ زندگی بری طرح متاثر ہو گیا ہے۔ شہر کے متعدد نشیبی علاقوں میں کمر تک پانی جمع ہو گیا، جبکہ اہم بازار، سڑکیں اور رہائشی علاقے زیرِ آب آ گئے ہیں۔ شہر کے مصروف تین بتی، سبزی مارکیٹ اور دیگر نشیبی علاقوں میں شدید آبی جماؤ دیکھا گیا۔ کئی مقامات پر گٹر اور سیوریج چیمبر ابل پڑے، جس کے باعث گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگا اور نکاسیٔ آب کا نظام مکمل طور پر درہم برہم ہو گیا۔ متعدد اہم سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں، جس سے ٹریفک شدید متاثر ہوئی اور شہریوں کو پانی کے درمیان سے گزر کر اپنی منزل تک پہنچنا پڑا۔ مسلسل بارش کا سب سے زیادہ اثر تجارتی علاقوں پر پڑا۔ کئی دکانوں میں بارش کا پانی داخل ہونے سے تاجروں کو مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ دکانداروں نے جلدی جلدی اپنا سامان محفوظ مقامات پر منتقل کیا، جبکہ خریداروں اور راہگیروں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ شہر کے ساتھ ساتھ بھیونڈی تعلقہ کے دیہی علاقوں کی صورتحال بھی تشویشناک بنی ہوئی ہے۔ متعدد دیہات میں اب بھی پانی جمع ہے، جبکہ کھیتوں میں پانی بھر جانے سے کسانوں کی پریشانی بڑھ گئی ہے۔ کئی اندرونی سڑکیں زیرِ آب آنے کے باعث دیہات کا رابطہ بھی متاثر ہوا ہے اور نشیبی رہائشی علاقوں میں لوگوں کا روزمرہ کا معمول درہم برہم ہو گیا ہے۔ دوسری جانب، گزشتہ دو دن کی مسلسل بارش کے باعث بھیونڈی شہر کو پینے کا پانی فراہم کرنے والا وراں تالاب لبریز ہو کر اوورفلو ہو گیا، جس سے تقریباً آٹھ لاکھ شہریوں کو پانی کی قلت سے بڑی راحت ملی ہے۔ تاہم شاہ پور میں واقع بھاتسا ڈیم میں اب بھی بارش معمول سے کم ہونے کے باعث ممبئی کی آبی سپلائی کے حوالے سے تشویش برقرار ہے۔ انتظامیہ مسلسل صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے، جبکہ محکمہ موسمیات نے آئندہ چند گھنٹوں کے دوران بھی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ نشیبی علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو احتیاط برتنے، غیر ضروری سفر سے گریز کرنے اور مقامی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

**مراسلہ....**

# نیت صاف منزل آسان

ہمارا یہ گمان ہوتا ہے کہ رزق صرف ہماری عقل ڈگری یا دن رات کی بھاگ دوڑ سے آتا ہے حالانکہ رزق کا ایک بہت بڑا حصہ ہماری نیت کے اخلاص سے جڑا ہے جب آپ کا دل دوسروں کے لیے صاف ہو جاتا ہے جب آ، جب آپ کسی کا حق مارنے کا سوچتے بھی نہیں اور دوسروں کی کامیابی پر دل سے خوش ہوتے ہیں تو غیب کا نظام آپ کے لیے ایسے راستے کھول دیتا ہے جہاں آپ کی سوچ بھی نہیں جا سکتی نیت صاف رکھیں کیونکہ برکت کا تعلق مال کی کثرت سے نہیں دل کے اطمینان سے ہے۔

☆☆☆☆☆

## پیسہ آنے پر جو عزت ملتی ہے وہ پیسے کی ہوتی ہے پیسہ ختم عزت ختم

ہم ایک ایسے معاشرے کا حصہ بن چکے ہیں جہاں انسان کی قیمت اس کے بینک بیلنس اور جائیداد سے لگائی جاتی ہے، مگر حقیقت میں وہ لوگ سب سے زیادہ غریب ہیں جن کے پاس صرف دولت ہے اور کردار کا جنازہ نکل چکا ہے۔ دولت کے پجاریوں کی نظر صرف سطح پر ہوتی ہے، وہ سونے کی چمک میں اتنے اندھے ہو چکے ہیں کہ انہیں اس اندرونی عظمت کا اندازہ ہی نہیں ہو سکتا جو ایک باکردار انسان کو حاصل ہوتی ہے۔ پیسہ عارضی سہولت تو دے سکتا ہے، لیکن وہ وقار اور وہ رعب کبھی نہیں خرید سکتا جو صرف سچائی اور اصولوں پر ڈٹ جانے والے انسان کا مقدر ہوتا ہے۔ کردار وہ خوشبو ہے جو انسان کے مرنے کے بعد بھی دنیا کو مہکاتی رہتی ہے، جبکہ دولت کی چمک قبر کی دہلیز پر ہی دم توڑ دیتی ہے۔ جو لوگ مال و زر کے لیے اپنے ضمیر کا سودا کرتے ہیں، وہ دراصل خود کو بہت سستے داموں بیچ رہے ہوتے ہیں۔ ایک عظیم کردار کا مالک شخص جھونپڑی میں بیٹھ کر بھی وہ بادشاہت رکھتا ہے جس کا تصور محلات میں رہنے والے پست ذہن کبھی نہیں کر سکتے۔ یہ دولت کے پجاری کیا جانیں کہ جب ہر طرف اندھیرا ہو، تو صرف ایک روشن کردار ہی راستہ دکھاتا ہے۔ یاد رکھیں کہ دولت آنی جانی چیز ہے، مگر ایک بار کردار پر داغ لگ جائے تو وہ عمر بھر کی کمائی کو مٹی میں ملا دیتا ہے۔

آصف پلاسٹک والا
ربانی ٹاور، مدنپورہ، ممبئی ۱۱
9323793996

# پاکستان میں دہشت گردوں کی بھرتی کا نیا محاذ ڈیجیٹل دنیا بن چکی ہے: رپورٹ



واشنگٹن۔3؍جولائی۔ ایم این این۔ امریکی اشاعتی ادارے پی جے میڈیا میں شائع ہونے والے ترک نژاد صحافی ازائے بولوت کے ایک تجزیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں دہشت گرد تنظیموں کی بھرتی کا طریقۂ کار تیزی سے بدل رہا ہے اور اب روایتی نیٹ ورکس کے بجائے سوشل میڈیا، انکرپٹڈ میسجنگ ایپس اور آن لائن پلیٹ فارمز دہشت گردوں کی بھرتی کا اہم ذریعہ بنتے جا رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 2026 کے گلوبل ٹیررازم انڈیکس میں پاکستان مسلسل تیسرے سال جنوبی ایشیا میں دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک قرار پایا، جبکہ دہشت گردی کے باعث ہلاکتوں کی تعداد بھی 2013 کے بعد بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ تجزیے میں کہا گیا ہے کہ دہشت گرد تنظیمیں اب نوجوانوں تک رسائی کے لیے سوشل میڈیا، آن لائن پروپیگنڈا، فنڈ ریزنگ، خفیہ پیغام رسانی اور ڈیجیٹل نیٹ ورکس کا استعمال کر رہی ہیں۔ مضمون میں کہا گیا ہے کہ ماضی میں دہشت گرد تنظیمیں مدارس، مقامی نیٹ ورکس اور براہ راست رابطوں کے ذریعے نوجوانوں کو اپنی طرف راغب کرتی تھیں، لیکن اب یہ عمل آن لائن پلیٹ فارمز پر منتقل ہو چکا ہے، جس سے بھرتی کا دائرہ مزید وسیع اور نگرانی زیادہ مشکل ہو گئی ہے۔ رپورٹ میں کالجوں اور جامعات کے طلبہ کو بھی آن لائن انتہا پسندانہ مواد کے ذریعے متاثر کیے جانے پر تشویش ظاہر کی گئی ہے۔ تجزیے میں یہ بھی مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ دہشت گردی کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے صرف سکیورٹی کارروائیاں کافی نہیں، بلکہ تعلیمی اصلاحات، نصاب میں تبدیلی، تنقیدی سوچ کے فروغ، ڈیجیٹل نگرانی، مقامی سطح پر انسدادِ انتہا پسندی کے بیانیے اور جامع انسدادِ دہشت گردی حکمت عملی کی ضرورت ہے۔

# چین نے ممتاز تبتی تعلیمی ادارہ بند کردیا، تبتی زبان اور ثقافت پر دباؤ مزید بڑھ گیا



بیجنگ۔3؍جولائی۔ ایم این این۔ چینی حکام نے تبتی زبان، ثقافت اور روایتی تعلیم کے فروغ کے لیے معروف ہنگکار دورجے ووکیشنل ہائی اسکول کو مستقل طور پر بند کر دیا ہے۔ انسانی حقوق کے کارکنوں اور تبتی تنظیموں نے اس اقدام کو تبتی شناخت، زبان اور ثقافتی ورثے کے خلاف جاری مہم کا تازہ ترین مرحلہ قرار دیا ہے۔ یہ ادارہ 2008 میں معروف تبتی مذہبی رہنما تلکو ہنگکار دورجے نے قائم کیا تھا اور گزشتہ تقریباً 17 برسوں سے طلبہ کو تبتی زبان، روایتی علوم، ثقافت، طب، فنون اور جدید پیشہ ورانہ تعلیم فراہم کر رہا تھا۔ اس دوران ہزاروں طلبہ اس ادارے سے تعلیم حاصل کر چکے تھے۔ رپورٹس کے مطابق چینی حکام نے پہلے نئے طلبہ کے داخلے پر پابندی عائد کی، جس کے بعد اب ادارے کو مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ حالیہ برسوں میں بیجنگ نے تبتی علاقوں میں مینڈارن زبان کو بنیادی ذریعہ تعلیم بنانے کی پالیسی کو مزید سخت کیا ہے، جس کے باعث تبتی زبان میں تعلیم دینے والے ادارے مسلسل دباؤ کا شکار ہیں۔ تبتی تنظیموں کا کہنا ہے کہ ادارے کی بندش سے نہ صرف مقامی طلبہ کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوں گی بلکہ تبتی زبان، ثقافت اور روایتی علمی ورثے کے تحفظ کو بھی شدید دھچکا پہنچے گا۔ اطلاعات کے مطابق اسکول سے متعلق تصاویر اور خراجِ تحسین پر مبنی مواد بھی سوشل میڈیا سے ہٹا دیا گیا ہے۔ انسانی حقوق کے مبصرین کا کہنا ہے کہ حالیہ اقدام چین کی ان پالیسیوں کا حصہ ہے جن کے تحت تبتی علاقوں میں ثقافتی اور لسانی شناخت کو محدود کرتے ہوئے مینڈارن زبان اور مرکزی نصاب کو فروغ دیا جا رہا ہے۔

# تائیوان کے گرد چین کا سمندری دباؤ بڑھ گیا
## تائی پے نے بڑھتی ہوئی جارحیت پر خبردار کردیا



تائی پے۔3؍جولائی۔ ایم این این۔ تائیوان نے خبردار کیا ہے کہ چین اس کے گرد سمندری دباؤ میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے اور اپنی کوسٹ گارڈ، سرکاری جہازوں اور دیگر غیر عسکری ذرائع کے ذریعے خطے میں اپنی موجودگی کو وسعت دے رہا ہے۔ تائیوانی حکام کے مطابق یہ اقدامات خطے میں کشیدگی بڑھانے اور تائیوان پر دباؤ ڈالنے کی ایک منظم حکمت عملی کا حصہ ہیں۔ تائیوان کی حکومت کا کہنا ہے کہ چین روایتی فوجی کارروائیوں کے بجائے اب نام نہاد "گرے زون" حکمت عملی اختیار کر رہا ہے، جس کے تحت کوسٹ گارڈ، تحقیقی جہازوں اور دیگر سرکاری بحری وسائل کو استعمال کرتے ہوئے تائیوان کے اردگرد اپنی موجودگی کو معمول بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ حکام کے مطابق حالیہ مہینوں میں چینی بحری جہازوں کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے، جن میں تجارتی جہازوں سے معلومات طلب کرنا، متنازع سمندری علاقوں میں گشت اور تائیوان کے زیر انتظام پانیوں کے قریب کارروائیاں شامل ہیں۔ تائی پے نے ان اقدامات کو بین الاقوامی بحری قوانین اور خطے کے استحکام کے لیے تشویشناک قرار دیا ہے۔ تائیوان نے واضح کیا ہے کہ وہ اپنی سمندری خودمختاری اور جہاز رانی کی آزادی کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گا۔ مبصرین کے مطابق چین کی بڑھتی ہوئی سمندری سرگرمیاں ہند بحرالکاہل میں علاقائی سلامتی اور بین الاقوامی جہاز رانی کے مستقبل سے متعلق خدشات میں مزید اضافہ کر رہی ہیں۔

# تائیوان کے گرد چینی فوجی سرگرمیوں میں اضافہ، متعدد طیارے اور جنگی جہاز دیکھے گئے

تائی پے۔3؍جولائی۔ ایم این این۔ تائیوان کی وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جزیرے کے اطراف چینی فوجی سرگرمیوں میں ایک بار پھر اضافہ دیکھا گیا ہے۔ وزارت کے مطابق متعدد چینی فوجی طیارے، بحری جنگی جہاز اور سرکاری بحری جہاز تائیوان کے گرد سرگرم رہے، جن میں سے کئی طیاروں نے آبنائے تائیوان کی وسطی لکیر عبور کرتے ہوئے تائیوان کے فضائی دفاعی شناختی علاقے (ADIZ) میں بھی داخلہ کیا۔ وزارتِ دفاع کے مطابق تائیوان کی مسلح افواج نے تمام سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی کی اور صورت حال سے نمٹنے کے لیے فضائی، بحری اور زمینی دفاعی نظام کو متحرک رکھا۔ حکام کا کہنا ہے کہ چینی فوج کی ایسی سرگرمیوں کا مقصد تائیوان پر مسلسل فوجی اور نفسیاتی دباؤ برقرار رکھنا ہے۔ تائیوانی حکام کا کہنا ہے کہ حالیہ مہینوں میں چین نے فوجی طیاروں، جنگی بحری جہازوں اور کوسٹ گارڈ کی کارروائیوں میں نمایاں اضافہ کیا ہے، جسے خطے میں بڑھتی ہوئی "گرے زون" حکمت عملی کا حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔ مبصرین کے مطابق تائیوان کے گرد چینی فوجی سرگرمیوں میں مسلسل اضافہ ہند بحرالکاہل کے خطے میں سلامتی سے متعلق خدشات کو مزید بڑھا رہا ہے، جبکہ تائیوان اپنی دفاعی تیاریوں اور نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنا رہا ہے۔

# ٹی وی ایف کا 'گرام چکتسالیہ سیزن 2' ساڑھے تین ملین کے پار

ممبئی: ۳؍جولائی (ایم ملک) اپنے پہلے سیزن کی زبردست کامیابی کے بعد، دل دہلا دینے والا دیہی ڈرامہ ٹی وی ایف 'گرام چکسالیہ سیزن 2' 23 جون کو عالمی سطح پر ریلیز ہوا اور سامعین کا دل جیت رہا ہے۔ یہ شو ایک بہت بڑی کامیابی بن گیا ہے، جس نے خود کو 3.5+ ملین ملاحظات کے ساتھ ہندوستان کی سب سے زیادہ دیکھی جانے والی 10 سب سے زیادہ دیکھی جانے والی OTT پراپرٹیز میں ایک جگہ حاصل کر لی ہے۔ اپنے پہلے سیزن کی زبردست کامیابی کے بعد، دل دہلا دینے والا دیہی ڈرامہ 'گرام چکتسالیا' سیزن 2 کے ساتھ واپس آ گیا ہے، جس کا 23 جون کو عالمی سطح پر پریمیئر ہوا۔ TVF کے ذریعہ تخلیق کیا گیا اور راہول پانڈے کے ذریعہ ہدایت کردہ، 'گرام چکتسالیہ' اپنی دل کو چھونے والی کہانی کہنے، زمین سے زمین کے دیہی پس منظر، اور اس کی شاندار کاسٹ کی مضبوط پرفارمنس کے ساتھ مداحوں کے پسندیدہ بن کر ابھرا ہے۔ یہ سیریز اپنی صداقت اور جذباتی گہرائی کے ساتھ ناظرین کے ساتھ گونج رہی ہے، جو اسے TVF کے حالیہ دنوں میں سب سے زیادہ پسند کیے جانے والے شوز میں سے ایک بناتی ہے۔ اب اس کا دوسرا سیزن پوری قوم کے دلوں پر راج کر رہا ہے۔ The Viral Fever (TVF)، ہندوستان میں ایک انتہائی قابل احترام اور سرکردہ پروڈکشن کمپنی، نے مسلسل ملک کے سب سے زیادہ تعریفی اور کامیاب شوز پیش کیے ہیں۔ اپنی حقیقت پسندانہ کہانی سنانے، متعلقہ کرداروں اور مستند بیانیوں کے لیے مشہور، TVF نے متعدد انواع کے سامعین کے ساتھ ایک مضبوط تعلق قائم کیا ہے۔ مزید برآں، TVF نے پرائم ویڈیو پریزنٹ کے دوران کئی دھماکہ خیز اعلانات کے ساتھ لائم لائٹ حاصل کی۔ چاہے وہ 'ووان' اور 'کالج فیسٹ' جیسی فلمیں ہوں، 'پیرامڈ' اور 'ونش' جیسے نئے شوز ہوں، یا 'امینٹس'، 'پنچایت'، 'گرام چکتسالیہ'، 'سپنے بمقابلہ ہر کوئی' اور 'سندیپ بھیا' کے سب سے زیادہ منتظر نئے سیزن ہوں، ان کی سلیٹ اور ڈائیورس متاثر کن تھی۔ یہ ایک منفرد قسم کا شوکیس تھا جس نے TVF کو رات کا حتمی فاتح بنا دیا۔




# جئے سندھ فریڈم موومنٹ نے ترجمان کے گھر پر مبینہ چھاپے کی مذمت

سندھ۔3؍جولائی۔ ایم این این۔ جئے سندھ فریڈم موومنٹ (JSFM) نے اپنے مرکزی رہنما اور ترجمان منصور احمد کے اہلِ خانہ کے گھر پر مبینہ چھاپے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے سیاسی کارکنوں کو ہراساں کرنے اور اختلافی آوازوں کو دبانے کی کوشش قرار دیا ہے۔ تنظیم کے مطابق ایک درجن سے زائد مسلح اور نقاب پوش افراد نے لاڑکانہ میں واقع منصور احمد کی سابقہ رہائش گاہ پر دھاوا بول کر اہلِ خانہ کو دھمکیاں دیں اور مبینہ طور پر یہ پیغام دیا کہ منصور احمد بیرون ملک رہتے ہوئے اپنی سیاسی سرگرمیاں ترک کر دیں۔ جئے سندھ فریڈم موومنٹ نے دعویٰ کیا کہ اس نوعیت کے اقدامات سیاسی اختلاف رائے کو دبانے اور قوم پرست کارکنوں میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوشش ہیں۔ تنظیم نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ دار افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ تنظیم نے انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ پاکستان میں قوم پرست اور سیاسی کارکنوں کے خلاف مبینہ دباؤ، ہراسانی اور انتقامی کارروائیوں کا نوٹس لیں۔ جئے سندھ فریڈم موومنٹ کا کہنا ہے کہ ایسے واقعات جمہوری آزادیوں اور اظہارِ رائے کے حق سے متعلق سنگین خدشات کو جنم دیتے ہیں۔

# بلوچستان: بس کھائی میں گرنے سے 40 افراد ہلاک، 8 زخمی

بلوچستان: ۳؍جولائی:۔ پاکستان کے ٹرانسپورٹ نظام کی خستہ حالی کو ایک بار پھر اجاگر کرتے ہوئے، جمعہ کے روز کم از کم 40 افراد ہلاک اور 8 دیگر شدید زخمی ہو گئے، جب ایک اوورلوڈ مسافر بس خطرناک شیرانی-ژوب شاہراہ پر پھسل کر دانہ سر کے علاقے میں گہری کھائی میں جا گری۔ ایکسپریس ٹریبیون کے مطابق، یہ افسوسناک حادثہ اس وقت پیش آیا جب بس کوئٹہ سے اسلام آباد جا رہی تھی۔ یہ بس بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے درمیان واقع بدنام زمانہ پہاڑی راستے سے گزر رہی تھی، جہاں حفاظتی رکاوٹوں اور بنیادی تحفظاتی انتظامات کی کمی ایک بار پھر نمایاں ہو کر سامنے آئی۔ میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹر (ایم ای آر سی) کے مطابق، امدادی ٹیموں نے تباہ شدہ بس کے ملبے سے 40 لاشیں نکالیں، جبکہ زخمی مسافروں کو ژوب کے ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا۔ اس بڑے سانحے کے بعد وسیع پیمانے پر امدادی کارروائیاں شروع کی گئیں، جن کے تحت چھ ایمبولینسیں، 12 ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشنز (ای ایم ٹیز) اور 10 ہلکی ٹرانسپورٹ گاڑیاں دور دراز حادثہ مقام پر روانہ کی گئیں۔

